## ریکارڈ رکھنے کے بارے میں فرض

آپ کی طرف سے کام کرنے والے وکیل کا فرض ہے کہ وہ اپنے کاموں کا ریکارڈ رکھے۔ اس کا یہ مطلب ہوا کہ آپ کے لیے کام جاری رکھنے والے وکیل کا فرض ہے کہ وہ آپ کی جائیداد اور آپ کے مالی امور کے بارے میں تمام ریکارڈ رکھے۔ ویلفیئر کے بارے میں اٹارنی کا کام ویلفیئر کے بارے میں ریکارڈ رکھنا ہے۔ 'کوڈ آف پریکٹس'(ضابطہ عمل) میں رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔

## اگر میرا وکیل میرے لیے کام کرنے کے قابل نہیں ہوتا تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا وکیل آپ کے لیے کام نہیں کر سکتا تو اگر آپ کر سکتے ہوں تو آپ کو نیاء 'پاور آف اٹارنی(مختار نامہ)' تیار کرنا ہوگا، اسی لیے ایک سے زیادہ اٹارنی(وکیل) رکھنا بہتر ہوتا ہے، یا جسے متبادل وکیل کہا جاتا ہے، تاکہ اگر آپ کا وکیل آپ کے لیے کام کرنے کے قابل نہ رہے تو متبادل وکیل یہ کام کر سکے۔

## اگر مختار نامہ رجسٹر ہو چکا ہو اور مَیں اسے منسوخ کرنا چاہوں تو کیا ہوگا؟

آپ اپنا مختار نامہ یا اس میں دیئے گئے اختیارات منسوخ کر سکتے ہیں جبکہ یہ 'او پی جی' کے ساتھ رجسٹر بھی ہو چکا ہو۔ اس بارے میں ایک معلوماتی شیٹ ویب سائٹ پر دستیاب ہے جس میں تفصیل سے بتایا گیا ہے کہ آپ یہ کیسے کر سکتے ہیں۔

## مَیں مزید معلومات یا مدد کہاں سے لے سکتا/سکتی ہوں؟

سب سے پہلے آپ 'او پی جی' کو فون کر سکتے ہیں یا وہ ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں جو نیچے دی گئی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا مقامی سٹیزن ایڈوائس بیورو یا کوئی مقامی وکیل اس سلسلے میں اپ کی مدد کر سکتا ہو۔

**Office of the Public Guardian (Scotland)**
Hadrian House
Callendar Business Park
Callendar Road
Falkirk FK1 1XR

- ٹیلیفون نمبر: 01324 678300
- ای میل: opg@scotcourts.gov.uk
- www.publicguardian-scotland.gov.uk
- کھلنے کے اوقات: سوموار تا جمعہ: صبح 9 بجے سے 5 بجے شام تک

اگر دفتر میں آنا چاہیں ، عملے کے متعلقہ ممبر سے ملاقات کا یقین کرنا چاہیں تو عملے کےاس ممبر کے ساتھ اپوائنٹمنٹ بنوا لینا بہتر ہوگا۔

'سٹیزن ایڈوائس بیورو، ضرورت مند لوگوں کو مفت مشورہ اور معلومات فراہم کرتا ہے۔ آپ اپنی مقامی لائبریری یا فون بک سے اپنے مقامی 'سٹیزن ایڈوائس بیورو' کے پتے معلوم کر سکتے ہیں یا اپنے علاقے میں 'سٹیزن ایڈوائس بیورو' کا پتہ لگانے کے لیے 'سٹیزن ایڈوائس سکاٹ لینڈ' کی ویب سائٹ www.cas.org.uk ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

'او پی جی' سکاٹش کورٹ سروس کا ایک حصہ ہے۔

INVESTOR IN PEOPLE

یہ لیف لٹ دیگر صورتوں اور زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔ اگر آپ یہ لیف لٹ کسی مخصوص صورت یا زبان میں لینا چاہتے ہوں تو برائے مہربانی'او پی جی' سے رابطہ کریں۔

'او پی جی(آفس آف پبلک گارڈین)' لینگویج لائن(جہاں آپ اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں) اور 'ٹیکسٹ ریلے سروس' استعمال کرتا ہے۔

اس سلسلے میں دستیاب دیگر لیف لٹس:

- ایکسس ٹو فنڈز سکیم
- انٹروینشن آرڈر
- گارڈین شپ آرڈر

اگر آپ اس لیف لٹ کے بارے میں اظہارِ خیال کرنا یا اپنی رائے دینا چاہیں تو 'او پی جی' کی جانب سے اس کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔

شمارہ جون 2013

انکیپیسٹی(جسمانی استعداد کی کمی) میں مبتلا بالغ افراد (سکاٹ لینڈ)ایکٹ 2000

# پاور آف اٹارنی(مختار نامہ) کیا ہے

Office of the
Public Guardian (Scotland)

## یہ کیا ہے؟

یہ ایک تحریری دستاویز ہے جو کسی دوسرے شخص کو آپ کی طرف سے کام کرنے یا فیصلے کرنے کا اختیار دیتی ہے۔

مختار نامے کی دستاویز میں ایسے شخص(اشخاص) کا نام دیا جاتا ہے جسے (جنہیں) آپ چاہتے ہوں کہ وہ آپ کی مدد کریں، مثال کے طور پر، آپ کا اٹارنی اور ان انفرادی اختیارات کی لسٹ جو آپ اپنے اٹارنی کو دینا چاہتے ہوں۔ اختیارات کو انفرادی طور پر لکھا جانا چاہیے تاکہ یہ واضح ہو کہ آپ کا اٹارنی آپ کے لیے کون سے فیصلے کر سکتا ہے۔ مختار نامے میں یہ بھی بتایا گیا ہوگا کہ آپ کا اٹارنی کب آپ کے لیے کام شروع کر سکتا ہے۔

## یہ کیا کرتا ہے؟

یہ آپ کو اس بات کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیتا ہے کہ آپ کس فرد کو اپنے معاملات کی دیکھ بھال کرنے کا اختیار دینا چاہتے ہیں اور اگر آپ اپنے معاملات کی دیکھ بھال کرنے کے قابل نہ رہیں تو آپ کیا چاہتے ہیں کہ آپ کا اٹارنی آپ کے لیے کیا کرے۔ مختار نامہ اٹارنی کو آپ کے لیے فیصلے کرنے کا قانونی اختیار دے دیتا ہے۔

## صلاحیت سے عاری ہونے کا کیا مطلب ہے؟

کسی حادثے یا بیماری کی وجہ سے کسی شخص کی صلاحیت آہستہ آہستہ یا اچانک کمزور پڑ سکتی ہے۔ ایک رجسٹرڈ اور لائسنس یافتہ میڈیکل ڈاکٹر یہ بتا سکے گا کہ آیا وہ شخص فیصلے کرنے کے قابل ہے یا نہیں۔

## مجھے مختار نامے کی کیوں ضرورت پڑے گی؟

یہ آپ کو اس بات کی منصوبہ بندی کرنے کی اجازت دیتا ہے کہ آپ کہہ سکیں کہ مستقبل میں آپ کے لیے کوئی کیا کرے۔

## اگر مَیں مختار نامہ نہیں بنواتا/بنواتی تو کیا ہوگا؟

ہو سکتا ہے کہ آپ کے خاندان والوں کو یا آپ کے دوست احباب کو آپ کی طرف سے کام کرنے کا اختیار لینے کے لیے عدالت سے رجوع کرنا پڑے۔

## کیا میرا/میری پارٹنر یا فیملی مختار نامے کے بغیر میری مدد کر سکتے ہیں؟

نہیں، کسی کو بھی خود بخود یہ حق نہیں حاصل نہیں ہوتا کہ قانونی اختیار کے بغیر آپ کی طرف سے کام(فیصلہ) کر سکے۔

## کیا مختار نامہ صرف عمر رسیدہ افراد کے لیے نہیں ہے؟

کوئی بھی یہ ماننا پسند نہیں کرتا کہ ہو سکتا ہے وہ کبھی خود اپنی دیکھ بھال نہ کر سکیں، لیکن حادثات یا بیماری کسی کو بھی پیش آ سکتی ہے۔

## کیا مختار نامہ صرف ان لوگوں کے لیے نہیں جن کے پاس بہت سارے پیسے ہوں؟

نہیں ، یہ صرف روپے پیسے/ جائیداد کی دیکھ بھال کرنے کے لیے ہی نہیں ہے بلکہ یہ آپ کو اس بات کا فیصلہ کرنے کا بھی اختیار دیتا ہے کہ آپ کے ذاتی ویلفیئر کے معاملات کے بارے میں کسے فیصلہ کرنا چاہیے۔

## مختار نامے میں مَیں کسے قسم کی اشیاء شامل کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ صرف روپے پیسے یا جائیداد کے متعلق معاملات شامل کر سکتے ہیں(جسے جاری رہنے والا مختار نامہ کہا جاتا ہے) یا اپنی یصلے شامل کر سکتا□صحت یا ذاتی ویلفیئر کے بارے میں ہیں(جسے ویلفیئر مختار نامہ کہا جاتا ہے) یا دونوں معاملات شامل کر سکتے ہیں۔

## مَیں اپنا اٹارنی(وکیل) کسے مقرر کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ جسے چاہیں اپنا اٹارنی مقرر کر سکتے ہیں ، کوئی فیملی ممبر، کوئی دوست، سالیسٹر، کوئی اکاؤنٹنٹ یا ان میں سے بعض لوگوں کو ایک ہی ساتھ اٹارنی مقرر کر سکتے ہیں۔ آپ کسی کو اپنے مالی معاملات کی دیکھ بھال کرنے کے لیے مقرر کر سکتے ہیں لیکن کسی دوسرے شخص کو اپنی پنشن کے معاملات نپٹانے کے لیے مقرر کر سکتے ہیں، تاہم، اگر حال ہی میں کسی کا دیوالیہ ہوا ہو تو اسے اٹارنی مقرر نہیں کر سکتے۔

## مجھے کیسے اور کہاں سے اٹارنی ملے گا؟

کوئی بھی مقامی وکیل مختار نامہ تیار کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے اور آپ کو قانونی مشورہ فراہم کر سکتا ہے۔ متبادل کے طور پر، بعض کمپنیاں اور سٹیشنری کی دکانیں مختار نامے کے متعلق پیک فروخت کرتی ہیں۔ پبلک گارڈین کی ویب سائٹ پر دکھایا گیا ہے کہ مختار نامے کی دستاویز کیسے نظر آنی چاہیے۔

## اس پر کتنا خرچ آتا ہے؟

کوئی پیشہ وارانہ ماہر، وکیل وغیرہ آپ سے فیس لے سکتا ہے جو کہ مختلف ہو سکتی ہے۔ اس مختار نامے میں ایک ایسا سرٹیفیکیٹ ہونا چاہیے جس پر پریکٹس کرنے والے وکیل یا رجسٹرڈ شدہ اور لائسنس یافتہ میڈیکل ڈاکٹر کے دستخط ہونے چاہییں اور اس میں یہ واضح ہونا چاہیے کہ آپ اس مختار نامے کو سمجھنے کے قابل ہیں اور ہو سکتا ہے کہ وہ بھی اس سروس کے لیے آپ سے فیس لیں۔

آفس آف پبلک گارڈین سکاٹ لینڈ، اس سروس کے لیے رجسٹریشن فیس لیتا ہے۔ موجودہ طور پر کیا فیس لی جاتی ہے، اس بارے میں معلوم کرنے کے لیے برائے مہربانی دفتر سے رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ پر فیس کا شیڈول ملاحظہ کریں۔

## میرے مختار نامے کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

اس سے پہلے کہ اسے استعمال کیا جائے، اسے 'آفس آف پبلک گارڈین ' کے ساتھ رجسٹر ہونا ضروری ہوتا ہے، حتیٰ کہ آپ ابھی بھی اپنے کام کر سکتے ہوں۔ مختار نامے کو رجسٹر کرنے کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات 'او پی جی' کو بھیجنے ضروری ہیں:

- آپ کا دستخط شدہ مختار نامہ، جس کے ساتھ آپ کے وکیل یا ڈاکٹر کی طرف سے دستخط شدہ سرٹیفیکیٹ بھی شامل ہو۔
- اس بات کا تصدیق نامہ کہ آپ کے/کا وکیل خوشی سے آپ کے لیے کام کرنے کو تیار ہیں۔
- رجسٹریشن فیس

آپ یہ دستاویزات ڈاک کے ذریعے بھیج سکتے ہیں یا آپ 'پاور آف اٹارنی رجسٹریشن کے بارے ایلکٹرونک طریقہ(ای ہی او اے آر) استعمال کرتے ہوئے جمع کرا سکتے ہیں۔ یہ طریقہ استعمال کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر 'ای پی او آر' صفحے پر سلسلہ وار رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔

## 'او پی جی' میرے مختار نامے کے ساتھ کیا کرتا ہے؟

جب یہ مختار نامہ رجسٹر ہو جاتا ہے تو آفس آف پبلک گارڈین ' آپ کو ایک دستخط شدہ مختار نامہ اور مختار نامی کی ایک اصلی کاپی ایک سرٹیفیکیٹ کے ساتھ اس فرد کو بھیج دے گا جس نے بھی یہ انہیں بھیجا ہوگا۔ آفس آف پبلک گارڈین' آپ کو بھی مختار نامے کی کاپی بھیجے گا۔

## اس سے پہلے کہ مَیں با صلاحیت نہ رہوں، کیا میرا اٹارنی میری طرف سے دیا گیا مختار نامہ استعمال کرسکتا ہے ؟

ہاں، اگر آپ چاہیں تو وہ مالی معاملات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، لیکن وہ اس وقت تک آپ کی ویلفیئر کے بارے میں فیصلہ نہیں کر سکتے جب تک کہ آپ ایسے فیصلے کرنے کے قابل نہ رہیں۔